پریس ریلیز

گوجرانوالہ 07 مارچ 2024ء

رومانیہ کے سفیر چارج ڈی افیئر زایڈورڈ رابٹ پریڈا نے کہا کہ رومانیہ جی ڈی پی کے اعتبار سے یورپی یونین میں 13 ویں جبکہ اکنانومی میں دوسرے نمبر پر آتا ہے۔ بہت جلد ان فگرز میں مزید بہتری آنے کا امکان ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ گوجرانوالہ پاکستان کا اہم صنعتی شہر ہے اور یہ SME کا حب ہے۔ یہاں کی مصنوعات کی کوالٹی انتہائی عمدہ ہے رومانیہ میں ان مصنوعات کی تشہیر ناگزیر ہے، مستقبل قریب میں گوجرانوالہ میں ٹریڈ ڈیسک بنایا جائے گا جو معلومات کے ذریعے دوطرفہ تجارتی کیلئے بڑا اہمیت کا حامل ہوگا۔انہوں نے کہا کہ رومانیہ اور پاکستان کے مابین پہلے سے تجارتی تعلقات موجود ہیں جسے مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے اس کیلئے دونوں ممالک کی کاروباری افراد مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں کیونکہ رومانیہ میں سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع موجود ہیں ۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی بزنس کمیونٹی تجارتی وفود کا تبادلہ کرے اور رومانیہ میں ہونیوالی صنعتی نمائش میں حصہ لے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانولہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اراکین سے خطاب کے دوران کیا جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر ضیاء الحق شیخ فیصل ایوب نے کی۔اس موقع پر سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم ،اراکین مجلس عاملہ، سابق سینئر نائب صدور عرفان سہیل، محمد اجمل اعوان کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

قبل ازیں گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ رومانیہ کے کاروباری لوگ بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کو ترجیح دیں کیونکہ وہاں کے کاروباری لوگوں کے لئے بھی یہاں بے شمار مواقع موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ تجارتی وفود کے تبادلہ کیلئے سفارتخانہ ہمارے کاروباری لوگوں کو آسان شرائط پر بزنس ویزہ جاری کریں تجارتی وفود کے تبادلے ہوں تاکہ دوطرفہ سرمایہ کاری کو فروغ مل سکے۔انہوں نے کہا کہ رومانیہ میں جو صنعتی نمائشوں کا انعقاد مستقبل قریب میں ہونے جارہا ہے ایمبیسی ہمیں اس کے متعلق آگاہی فراہم کریں گوجرانوالہ کے کاروباری باری لوگ ان نمائشوں میں ضرور حصہ لیں گے۔انہوں نے کہا کہ مستقبل تقریب میں گوجرانوالہ میں جو ٹریڈ ڈیسک بنایا جارہا بلاشبہ اس کے تجارت کے فروغ میں دورس نتائج برآمد ہونگے۔